Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

QUR'AN · SOLUTIONS TO YOUR PROBLEMS

# Guidance

## ہدایت

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا۔۔۔

*WALILLAAHI AL-ASMAA'U AL-HUSNAA FAD'OOHU BIHAA...*

And Allah's are the best names, therefore call on Him thereby...

اور اللہ ہی کے لئے بہترین نام ہیں لہذا اسے ان ہی کے ذریعہ پکارو۔۔۔

A person who in one sitting recites YAA NOORO 1000 times will be guided to the path of truth.

جو شخص ایک ہی مجلس میں 1000 بار ''یَا نُوْرُ'' کا ورد کرے تو راہِ حق کی ہدایت حاصل ہوگی۔

If a person wishes to gain recognition and guidance of Allah (swt), Prophet (s) and Imams (a) he should recite YAA HAADE-YO 20 times day and night.

جو شخص چاہتا ہو کہ خدا، پیغمبرؐ اور ائمہ کی معرفت و ہدایت حاصل کرے اسے 20 مرتبہ شب و روز ''یَا هَادِیُ'' کا ورد کرنا چاہیئے۔

Reciting YAA HAADE-YO 17 times during daytime and 20 times during night is beneficial to get the guidance of Allah (swt).

دن کے وقت 17 مرتبہ اور رات کے وقت 20 مرتبہ ''یَا هَادِیُ'' کا وردہدایت خداوندی کے حصول کے لئے فائدہ مند ہے۔

If anybody is having a grand cause and he can't find the way to reach, he should recite YAA KAREE-MO 1000 times after namaz'e Isha then 1000 times salawaat and go to sleep while remembering his cause inshallah while in sleep will get the guidance.

جو بھی شخص کوئی عمدہ مطلوب و مقصود رکھتا ہو اور اس کے پورا ہونے کا کوئی چارہ کار نہ پاتا ہو تو اس کو چاہیئے کہ نماز عشاء کے بعد 1000 مرتبہ ''یَا کَرِیْمُ'' کا ورد کرے، پھر 1000 مرتبہ درود شریف کا ورد کرے اور اپنے مقصود و مطلوب کا قصد کرتے ہوئے سوجائے تو انشاء اللہ العزیز سونے کے دوران ہی اس کو رہنمائی مل جائے گی۔



Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

Reciting AL A'F-WO frequently will be the cause of getting guidance to be safe from sins.

''اَلعَفوُ'' کو اپنا وردبنالینا باعث بنتا ہے کہ گناہوں سے بچنے کی توفیق حاصل ہو۔

From an authentic source that with the intention of istekhara (seeking Allah's guidance) recite YAA RASHEE-DO 1000 times then his profit and loss will be crystal clear to him and will get to know the consequences.

بسند معتبر وارد ہے کہ اگر استخارہ کی نیت سے 1000 مرتبہ ''یَا رَشِیدُ'' کا ورد کرے تو اس کا نفع و نقصان اس پر واضح و روشن ہوگا اور اس کا انجام کما حقہ جان لے گا۔

For pureness of heart, reforming inner self (nafs ammaara), protection from ignorance & misguidance and repentance from sins recitation of these verses (85:13-16) is tried and tested...

تسخیر قلوب، نفس امارہ کی اصلاح، ضلالت و گمراہی سے تحفظ اور گناہوں سے توبہ کے لئے درج ذیل آیات (۸۵:۱۳ تا ۱۶) کا ورد بہت ہی مجرب ہے۔۔۔

اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ. وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ. ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ

*INNAHOO HUWA YUBDI'U WAYU'EED. WAHUWA AL-GHAFOORU AL-WADOOD. ZOO AL-'ARSHI AL-MAJEEDU FA''AALUN LIMAA YUREED*

Surely He it is Who originates and reproduces. And He is the Forgiving, the Loving. Lord of the Arsh, the Glorious. The great doer of what He will.

وہی پیدا کرنے والا اور دوبارہ ایجاد کرنے والا ہے۔ وہی بہت بخشنے والا اور محبت کرنے والا ہے۔ وہ صاحب عرشِ مجید ہے۔ جو چاہتا ہے کر سکتا ہے۔

For reforming inner self (nafs'e Ammaara) and protection from ignorance & misguidance reciting FA'AALUL LEMAA YOREE-DO 376 times during daytime is beneficial.

نفس امارہ کی اصلاح اور ضلالت و گمراہی سے تحفظ کے لئے دن کے وقت 376 مرتبہ ''فَعَّالُ لِّمَا یُرِیدُ'' کا ورد فائدہ مند ہے۔



Free to read, copy and share

To get guidance from Allah (swt) reciting YAA MOBEE-NO 102 times during daytime is beneficial.

خداوند قدوس سے رہنمائی پانے کے لئے دن کے وقت 102 مرتبہ ''یَا مُبِیْنُ'' کا ورد مفید ہے۔

Printed from https://fzic.org/library/quran/guidance-3930 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.